NATIONAL SENIOR CERTIFICATE EXAMINATION
NOVEMBER 2014

URDU SECOND ADDITIONAL LANGUAGE: PAPER I

Time: 2 hours | 100 marks

PLEASE READ THE FOLLOWING INSTRUCTIONS CAREFULLY

1. This question paper consists of 9 pages. Please check that your question paper is complete.
2. Read the questions carefully and follow all instructions.
3. Start each question on a new page. Answer Sections A and B.
4. All answers must be in URDU.
5. Strike out all rough work.
6. Your writing must be neat, clear and legible. Leave a line open between answers.

IEB Copyright © 2014

SECTION A COMPREHENSION

QUESTION 1 UNSEEN TEXT

سوال نمبر ۱

کہانی

اِس مضمون کو پڑھیئے اور سوالات کا جواب لکھیئے.

محنت میں برکت ہے

ایک بار حضورؐ اپنے صحابیوں کے ساتھ مسجدِ نبوی میں بیٹھے تھے۔
ایک آدمی وہاں آیا اور کہنے لگا: "حضورؐ میں غریب اور محتاج ہوں، میری کچھ مدد فرمائیے۔" حضورؐ نے اُس کی طرف دیکھا۔ نہ وہ بوڑھا تھا نہ بیمار، نہ اندھا تھا نہ بہرا، اور کمزور بھی نظر نہیں آرہا تھا۔ اس کے ہاتھ پاؤں بھی سلامت تھے لیکن اس کے کپڑے پھٹے ہوئے تھے اور چہرے کا رنگ پیلا تھا - وہ پریشان دِکھائی دے رہا تھا۔
حضورؐ نے اس سے دریافت کیا: "تمھارے پاس کوئی چیز ہے ؟"
اُس نے جواب دیا: "جی ہاں! یہ ایک کٹورا ہے۔"
آپؐ نے فرمایا: "لاؤ ــــ مجھے دو۔"
اُس نے کٹورا حضورؐ کو دے دیا۔
آپؐ نے صحابیوں سے پوچھا: "تم میں سے کون اِسے خریدنا چاہے گا؟" ایک صحابی نے کچھ پیسے دے کر کٹورا خرید لیا۔

آپؐ نے اس شخص سے کہا: "ان پیسوں سے ایک کلھاڑی خرید لو۔"
اس نے حکم کی تعمیل کی۔ تھوڑی دیر بعد وہ دوبارہ حضورؐ کی خدمت میں حاضر ہوا اور کلھاڑی پیش کی۔ حضورؐ نے فرمایا: "یہ کلھاڑی اپنے پاس ہی رکھو اور ہر روز صبح جنگل جا کر محنت سے سوکھی لکڑیاں کاٹو۔

جواب لکھیئے۔

۱.

۱. مسجدِ نبوی میں کون کون تھے؟

۲. نبیؐ کو ایک آدمی نے کیا کہا تھا؟

۳. وہ آدمی کے کپڑے کیسے تھے؟

۴. حضورؐ نے وہ آدمی کو کیا پوچھا؟

۵. کٹورا کس نے خریدا تھا؟ (5)

۲.

۱. ایک ایک پر اپنے الفاظ میں پیراگراف لکھیئے۔
(۴ - ۵ لائن)۔

۱. غریب آدمی نے اپنی روزی کس طرح کمائی تھی؟ (4)

۲. آپؐ کی نصیحت۔ (4)

۳. الفاظ اور جملوں کا مطلب لکھیئے۔

۱. غریب۔

۲. کوشش کرنا

۳. آپؐ کی خدمت میں حاضر ہوں۔

۴. اپنے بال بچوں پر پیسے خرچ کرو۔

۵. پریشان (5)

۴. محنت میں برکت ہے۔ آپ ایک پیراگراف لکھیئے۔

(۶ - ۸ لائن)۔ (7)

[25]

IEB Copyright © 2014

QUESTION 2 PICTURE

سوال نمبر ۲ : تصویر



جواب لکھیے۔

۱. چار (۴) اسم لکھیے۔ (2)

۲. چار (۴) افعال لکھیے (2)

۳. اپنے الفاظ میں ایک مضمون لکھیے۔ (6)
(۶ - ۸ لائن)۔

[10]

IEB Copyright © 2014

QUESTION 3 UNSEEN TEXT: LANGUAGE سوال نمبر ۳ ۔

کہانی

پڑھیۓ ۔

پروین کی سالگرہ تھی۔ گھر میں خوب روشنی ہو رہی تھی۔ بہت سے مہمان آئے ہوئے تھے۔ مہمانوں کی خاطرداری کے لیے سال گرہ کے کیک کے علاوہ کباب، سموسے، آلو چھولے، رس گلّے، کیلے، بسکٹ اور مختلف قسم کی بہت سی چٹنیاں بھی تیار کی گئی تھیں۔ ہر آنے والی خاتون کوئی نہ کوئی تحفہ لاتیں اور میز پر رکھ دیتیں۔ تحفوں کا ڈھیر بڑھتا جا رہا تھا۔ پروین کی والدہ ہر آنے والی خاتون کا بڑی عزّت و احترام سے خیر مقدم کرتیں اور انہیں اندر کمرے میں لے جا کر بٹھاتیں۔ پروین کی سہیلیاں اور تمام ہم جماعت لڑکیاں بھی سالگرہ میں شرکت کی غرض سے آئی ہوئی تھیں لیکن اُسے اپنی ہر دلعزیز معلّمہ آپا افشاں کا بے حد انتظار تھا۔ وہ بار بار دروازے پر جاتی اور مایوس لوٹ آتی لیکن اس مرتبہ تو سچ مچ آپا افشاں آ ہی گئیں۔ پروین اور اس کی تمام سہیلیاں انہیں اپنے جھرمٹ میں لیے کچھ اس طرح کمرے میں آئیں جیسے چاند کے گرد ہالہ ہو۔

پروین کی والدہ آپا افشاں سے بڑے تپاک سے ملیں اور دوسری مہمان خواتین سے ان کا تعارف کرانے لگیں۔ آپا افشاں نہایت خوش اخلاق اور سادہ مزاج خاتون تھیں لیکن علم کے زیور سے خوب آراستہ تھیں۔

3.1 Write words in sentences. جواب لکھیۓ ۔

۱- الفاظ کو اپنے جُملوں میں اِستعمال کیجئے۔

۱. سالگرہ
۲. عِزّت
۳. خُوش اخلاق
۴. عِلم
۵. تحفہ

(5)

3.2 Give the opposites.

۲. الفاظ کی ضد لکھیئے۔

۱. روشنی

۲. بہت

۳. آپا

۴. مایوس

۵. علم

(5)

3.3 Write singular/plural for each word.

۳. واحد سے جمع اور جمع سے واحد میں لکھیئے۔

۱. آلو چھولا

۲. خاتون

۳. دروازہ

۴. کمرہ

۵. تحفوں

(5)

3.4 Correction of sentences.

۴. جملے غلط ہیں : صحیح کر کے لکھیئے۔

۱. پروین کا سالگرہ تھا۔

۲. ہر آنے والا خواتین تحفہ لا لیتی۔

۳. سب کا بڑی اِزّت کی۔

۴. آپا افشا کی بے حد اِنتظار تھی۔

۵. تحفوں کی دیر بڑھتی جا رہا تھا۔

(5)

3.5 Paragraph writing.

۵. دُنیا میں لوگ سالگرہ کیوں مناتے ہیں؟
ایک پیراگراف لکھیئے۔
(۶-۸ لائن)۔

(5)
[25]

60 marks

SECTION B PRESCRIBED TEXT

QUESTION 1 POETRY

ایک چھوٹی بچّی

سیّدہ کیسی پیاری بچّی ہے   صورت اچھی ، سمجھ بھی اچھّی ہے
ذرا دیکھو تو اِس کی صورت کو   سچّی چینی کی جیسی مُورت ہو
Line 3 ہے ابھی دو برس کی خیر سے جان   پر سب اچھّے بُرے کی ہے پہچان
ہے ادب سے بڑوں کا لیتی نام   سب کو کرتی ہے ہاتھ اُٹھا کے سلام
وہ کسی بات پر مچلتی نہیں   اپنی عادت کبھی بدلتی نہیں
Line 6 آرزو تو بہت ہے بولنے کی   پر نہیں اٹھتی ہے زبان ابھی
نہیں منہ سے نکلتے پورے بول   بولتی ہے سدا اَدھورے بول
نئے آتے ہیں گھر میں جب مہماں   دیکھ دیکھ ان کو ہوتی ہے خنداں

عُمر اس کی خدا دراز کرے
عِلم سے اس کو سرفراز کرے

خواجہ الطاف حسین حالی

جواب لِکھیئے .

۱. ۱. اِس نظم میں سیّدہ کی عمر کتنی بتائی گئی ہے؟ (1)

۲. سیّدہ میں کون کون سی اچھّی عادتیں ہیں؟ دو (۲) جُملے لِکھیئے. (2)

۳. سیّدہ سب کو کِس طرح سلام کرتی ہے؟ (1)

۴. شاعر سیّدہ کے لِئے کیا دُعا مانگتا ہے؟ (2)

۵ لڑکی اپنی عادت کیوں بدلتی نہیں؟ (2)

۲. اَشعار کی معنٰی لکھیئے :-

Line 3 ۱. ہے ابھی دو برس کی خیر سے جان پر سب اچھے بُرے کی ہے پہچان

Line 6 ۲. آرزو تو بہت ہے بولنے کی پر نہیں اُٹھتی ہے زبان ابھی

(6)

۳. سیّدہ ایک بہت پیاری بچّی ہے . اِس پر اپنے الفاظ میں مضمون لکھیئے . (۸-۱۰ لائن) (6)

[20]

QUESTION 2 SHORT STORY

سوال نمبر ۲
کہانی

ہمارے کھیل

علی کے ابا مسجد گئے۔ عصر کی نماز
پڑھی۔ گھر واپس آئے تو اُنھوں نے دیکھا
کہ علی اور عابدہ کھیل رہے ہیں۔ عابدہ
کہیں چُھپ گئی ہے۔ علی اُسے تلاش کر رہا ہے۔

علی نے گھر کے سب کمروں میں دیکھا۔ بیٹھک اور باورچی
خانے میں بھی تلاش کیا مگر عابدہ کہیں نہ ملی۔ آخر علی چھت پر چڑھ گیا۔ چھت
پر عابدہ چھپی ہوئی تھی۔ علی نے اُسے پکڑ لیا اور کہا۔ اب میں باری لوں گا۔

ابا جان نے کہا : "تم آنکھ مچولی ہی کھیلتے ہو۔ کوئی دُوسرا کھیل بھی کھیلا کرو۔"

عابدہ نے کہا : "ابا جان ! میں اور کھیل بھی کھیلتی ہوں۔ سکول میں رسّی کُودتی ہوں۔
سہیلیوں کے ساتھ کِکلی اور شٹاپو بھی کھیلتی ہوں۔"

علی نے بتایا : "ہم پھسلن سیڑھی کھیلتے ہیں۔ میں اپنے دوستوں کے
ساتھ گُلی ڈنڈا بھی کھیلتا ہوں۔"

ابا جان نے کہا: " آؤ تمھیں ایسے کھیل دِکھاؤں جو بچے
اور بڑے دونوں کھیلتے ہیں۔"

ابا جان علی اور عابدہ کو کھیل کے میدان میں لے گئے۔ وہاں لڑکے فُٹ بال
کھیل رہے تھے۔ وُہ فٹ بال کا کھیل دیکھ کر بہت خُوش ہوئے۔

ابا جان نے بتایا : ہاکی اور کرکٹ چھوٹے بڑے سبھی کھیلتے ہیں۔
کھیلنا بہت اچّھی بات ہے۔ اس سے جسم میں طاقت آتی ہے۔
صحت ٹھیک رہتی ہے۔

ہاں یہ یاد رکھو کہ ہر وقت کھیلتے رہنا اچھا نہیں۔ کام کے وقت کام
اور کھیل کے وقت کھیل اچّھا لگتا ہے۔

IEB Copyright © 2014

ہمارے کھیل

جواب لکھیئے۔

۱.

۱. علی کے ابّا نے کونسی نماز پڑھی ؟
۲. علی نے عابدہ کی تلاش کہاں کی تھی؟
۳. عابدہ کہاں چھُپی ہوئی تھی ؟
۴. تین کھیل کھیلوں کے نام لکھیئے۔ (4)

۲. جُملے پُورے کیجئے :۔

۱. بچّے اگر گھر میں ہاکی اور فُٹ بال کھیلینگے تو ______________ .
۲. اگر علی چھت پر سے گرتا تو ______________ .
۳. کھیلنا بہت اچّھی بات ہے کیونکہ ______________ .
۴. کام کے وقت کام اور ______________ . (4)

۳. ایک ایک پیراگراف لکھیئے۔ (۴ - ۵ لائن) .

۱. کھیل کھیلو
۲. میدان میں کیا ہو رہا تھا؟ (6)

۴. مطلب لکھیئے۔

'کام کے وقت کام اور کھیل کے وقت کھیل اچّھا لگتا ہے۔'
(۴ - ۶ لائن)

(6)
[20]

40 marks

Total: 100 marks

IEB Copyright © 2014